NYC Public Schools

PS+YOU

From Chancellor **David C. Banks**

چانسلر David C. Banks کی جانب سے ایک خبرنامہ

فیلڈ ٹرپس دوبارہ شروع ہورہے ہیں! ہمارے شہر کی تابناکی کو بطور ایک کلاس روم کے اظہارِ تشکر پیش کرتے ہیں

نیویارک کے عزیزی مکینوں:

منگل کو مجھے بروکلن کے PS 46 سے دوسرے اور تیسرے گریڈ کے طلبا کے ساتھ ایک فیلڈ ٹرپ پر سینٹرل پارک میں ہمارے شاندار امریکن میوزیم آف نیچرل ہسٹری میں جانے کا پُرمسرت موقع ملا۔ ہم نے صبح کا وقت ہال آف اوشین لائف میں بڑی بلیو وہیل اور نارتھن سی لائین، ہاربر سیل، اور غوطہ لگاتے پرندوں کے ساتھ گزارا—جو بچوں کے پسندیدہ تھے کیونکہ، چند دوسرے گریڈ کے بچوں نے پُرجوشی سے مجھے بتایا، "یہ وہ پرندے ہیں جو ہوا میں بھی اڑتے ہیں اور پانی میں بھی تیرتے ہیں۔"

میں انتہائی شکرگزار ہوں کہ ہمارے پاس ہمارے کلاس رومز اور ہمارے بچوں کی تعلیم کو ہمارے تابناک شہر تک توسیع دینے کے لیے میوزیم آف نیچرل ہسٹری جیسے ادارے ہیں۔ یہ ان متعدد مواقع میں سے تھے جو زیادہ تر عالمی وبا کے دوران گُم ہوگئے تھے۔ لیکن فیلڈ ٹرپس اب واپس آگئے ہیں۔ PS 46 میں پرنسپل Adam Braverman اور ہمارے شہر بھر کے اسکول قائدین اور معلمین اپنے اسکولوں کے دروازے دوبارہ کھول رہے ہیں ---اور ہمارے بچوں کے تخیلات اور تعلیم حاصل کرنے کے احساس کو سرگرم تحقیق اور دریافت کے ذریعے جگا رہے ہیں۔

میرے ایک استاد اور پرنسپل ہونے کے وقت کے دوران، تعلیم کو مزید پُرلطف اور پُرجوش بنانے میں فیلڈ ٹرپس کا مکمل فائدہ اٹھانا مجھے بہت پسند تھا—بچوں کو انکے ڈیسک سے اٹھا کر باہر نکالنا اور ثقافت، سائنس، تاریخ، اور فنون کے جگمگاتے مناظر میں لے جانا جو کہ نیویارک شہر ہے۔

ہمارے اسکولوں کے لیے اب ایسا دوبارہ کرنے کے قابل ہونا نہایت عمدہ بات ہے، اور ہم خوش قسمت ہیں کہ اربن ایڈوانٹیج جیسے پروگرام ہمارے اسکولوں اور خاندانوں کو دستیاب ہیں جو متعدد ثقافتی اداروں سے لُطف اندوز ہونے کو آسان بناتے ہیں—جیسے امیرکن میوزیم آف نیچرل ہسٹری —جو اسے (نیویارک شہر کو) رہنے اور ایک خاندان کو پروان چڑھانے کے لیے بہت خاص جگہ بناتے ہیں۔

ہمارے طلبا کے ساتھ ایک بہترین فیلڈ ٹرپ پر جانے کا موقع ملنا—ان کے چہروں کو تعجب اور تجسس سے روشن ہوتے دیکھنا— مجھے دوبارہ یاد دلاتا ہے، ہمارے شہر کی ترغیبی طاقت کی --اور ہمارے بچوں کے روشن عہد کی۔ اب جبکہ ہم تھیکنس گیونگ کے ہفتے کے نزدیک آرہے ہیں، میں بتانا چاہتا ہوں کہ میں اس کام کے لیے --اور اسے ہمارے بچوں اور انکی تعلیم کے لیے ایک مضبوط پُرعزمی والی برادری کے ایک حصے کے طور پر کرنے میں کتنا شکرگزار ہوں۔ نیویارک شہر پبلک اسکولوں کا ایک حصہ ہونے کے لیے آپکا شکریہ، اور میں آپ سب کو تہوار کے لیے اپنی دعائیں اور نیک تمنائیں بھیج رہا ہوں۔

مائل بہ پرواز،

David C. Banks
چانسلر

اگر آپ مزید PS+You ای میل پیغامات موصول نہیں کرنا چاہتے، براہِ مہربانی ن سبسکرائب کریں۔